الوقف لله الکریم

طلب العلم فریضة علیٰ کل مسلم و مسلمة

جمیل احمد

ضرور المسلمین مع مفید الصلوٰة

و

ایمان نامہ مع حقوق والدین و استاد

۱۳۲۲

مطبع کریمی واقع بمبئی میں بطبع آراستہ ہوا

Marfat.com

الوقف لله الكريم
86281

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
شروع کرتا ہون مین ساتھہ نام اللہ کے جو بڑا رحم والا اور مہربان ہے

اوّل کلمۂ طیّب لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ
پہلا کلمہ پاکی کا نہین کوئی معبود سوائے خدا کے محمدؐ بھیجے ہوئے خدا کے

دویم کلمۂ شہادت اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ
دوسرا کلمہ گواہی کا گواہی دیتا ہون مین کہ نہین کوئی معبود سوائے خدا کے ایک ہے وہ

لَاشَرِیْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ سوم کلمۂ تمجید
نہین ہے شریک اوسکا اور گواہی دیتا ہون مین تحقیق کہ محمد بندے اوسکے اور رسول اوسکے تیسرا کلمہ بزرگی کا

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ
پاک ہے اللہ اور سب تعریف اللہ کیلیے ہے اور نہین ہے کوئی معبود سوائے خدا کے اور اللہ بڑا بزرگ ہے

وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ چہارم کلمۂ توحید
اور نہین ہے طاقت اور قوت مگر توفیق سے خدائے بلند و بزرگ کے چوتھا کلمہ ایک ہونے کا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِیْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ
نہین ہے کوئی معبود سوائے خدا کے ایک ہے وہ اور نہین ہے شریک اوسکو اسی کے لئے ہے ملک اور سب تعریف

یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ بِیَدِهِ الْخَیْرُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ پنجم
جلاتا ہے اور مارتا ہے ہاتھہ مین اوسی کے ہے خیر اور برکت اور وہ ہر چیز پر قادر ہے پانچوان

کلمہ ردّ کفر اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ شَیْئًا وَّ
کلمہ کفر رد کرنے کا یا اللہ بیشک پناہ مانگتا ہون مین تجھ سے کفر اور شرک سے تیرے ساتھہ کسی شئے کو جو

اَنَا اَعْلَمُ بِهٖ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَآ اَعْلَمُ بِهٖ تُبْتُ عَنْهُ وَتَبَرَّأْتُ
جانتا ہون مین اسکو اور مغفرت چاہتا ہون تیری لیے جو نہین جانتا ہون مین اوسکو توبہ کی مین نے اس سے اور باز آیا مین

مِنَ الْكُفْرِ وَالشِّرْكِ وَالْمَعَاصِیْ كُلِّهَا اَسْلَمْتُ وَاٰمَنْتُ
کفر اور شرک سے اور گناہون سے سب کے سب اسلام لایا مین اور ایمان لایا مین

Marfat.com

الوقف لله الكريم
3150

وَاَقُوْلُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ایمان مجمل

اور کہتا ہون مین نہین کوئی معبود سوائے خدا کے محمدؐ رسول خدا کے ہین ایمان بغیر تفصیل کے

اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ کَمَا ھُوَ بِاَسْمَآئِہٖ وَصِفَاتِہٖ وَقَبِلْتُ جَمِیْعَ اَحْکَامِہٖ

ایمان لایا مین خدا پر اسکے نامون کے ساتھ اور صفتون کے ساتھ اور قبول کیا مین نے تمام حکمون کو اسکے

ایمان مفصل اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ وَمَلٰئِکَتِہٖ وَکُتُبِہٖ وَرُسُلِہٖ

ایمان تفصیل وار ایمان لایا مین خدا پر اور اوسکے فرشتون پر اور اوسکی کتابون پر اور اوسکے رسولون پر

وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْقَدْرِ خَیْرِہٖ وَشَرِّہٖ مِنَ اللّٰہِ تَعَالٰی

اور روز آخرت پر اور اسبات پر جو ارادہ نیکی اور بدی کا خدای تعالی سے ہی ہے

وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ نیت وضو کی یہہ ہے اَتَوَضَّاءُ لِرَفْعِ

اور اٹھنے پر خلق کے بعد مرنے کے وضو کرتا ہون مین واسطے دور ہونے

الْحَدَثِ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ناپاکی کے پناہ مانگتا ہون مین نزدیک اللہ کے شیطان مردود سے شروع کرتا ہون مین نام سے اللہ کے جو مہربان اور رحیم ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی دِیْنِ الْاِسْلَامِ نیت غسل کی

شروع کرتا ہون مین نام سے خدائے بزرگ کے اور سب تعریف خدا کے لئے ہے دین اسلام پر

نَوَیْتُ اَنْ اَغْتَسِلَ مِنْ غُسْلِ الْجَنَابَۃِ لِرَفْعِ الْحَدَثِ تیمم کی

نیت کرتا ہون مین یہہ کہ غسل کرون مین جنابت سے واسطے دور ہونے ناپاکی کے

نیت اَتَیَمَّمُ لِرَفْعِ الْحَدَثِ یہہ دعا نماز کی نیت باندھنے کے پہلے پڑھے

تیمم کرتا ہون مین واسطے دور ہونے ناپاکی کے

اِنِّیْ وَجَّھْتُ وَجْھِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا

تحقیق پھیرا مین نے منھ کو اپنے طرف اس ذات کے جو پیدا کیا آسمان اور زمین کو منھ پھیرنا خلوص دل سے

وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ یہہ دعا نیت باندھنے کے بعد پڑھے سُبْحَانَکَ

اور نہین ہون مین مشرکون سے پاک ہے تو

اَللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ وَتَبَارَکَ اسْمُکَ وَتَعَالٰی جَدُّکَ وَلَا

اے اللہ اور ساتھ حمد تیرے کے شروع کرتا ہون مین اور بزرگ ہے نام تیرا اور بلند ہے بزرگی تیری اور نہین ہے

ؔ واضح ہو کہ یہہ نیت تمام قسم کے غسلون کے لئے کفایت کرتی ہے غسل کرنیوالیکو چاہیے کہ جس قسم کا غسل ہو اوسکا نام لیوے مثلاً اگر غسل احتلام کا ہے تو اسطرح کہے اَغْتَسِلُ مِنْ غُسْلِ الْاِحْتِلَامِ لِرَفْعِ الْحَدَثِ اور غسل کرنیوالیکو چاہیے کہ غسل کے ابتدا مین نیت کرے کہ غسل کرتا ہون مین واسطے دور ہونے جنابت کے یا واسطے رفع حدث اکبر کے اور تمام بدن پر سر سے پاؤن تک پانی بہاوے اسطرح کہ سب جگہہ پانی پہونچے اگر بال برابر بھی کہین خشک رہیگا تو غسل درست نہوگا

اِلٰہَ غَیْرُکَ تسبیح رکوع کی سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ تسمیع سَمِعَ اللّٰہُ

کوئی معبود سوائے تیرے اسکو رکوع میں تین بار پڑھے پاک ہے رب میرا جو بزرگ ہے اسکو بعد رکوع کے پڑھے قبول کیا خدا نے

لِمَنْ حَمِدَہٗ تحمید اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا وَلَکَ الْحَمْدُ تسبیح سجدہ کی سُبْحَانَ

واسطے اُسکے جو سراہا اوسکو اسکو تسمیع کے بعد پڑھے اے اللہ رب ہمارے واسطے تیرے ہی ہے سب تعریف اسکو سجدہ میں تین بار پڑھے پاک ہے

رَبِّیَ الْاَعْلٰی تشہد اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّیِّبَاتُ اَلسَّلَامُ

رب میرا جو بلند ہے اسکو نماز میں بیٹھکے پڑھے سب عبادات قولی واسطے اللہ کے اور عبادات بدنی و مالی سلامتی ہو

عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی

تجھ پر اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور رحمت اللہ کی اور برکتیں اوسکی سلامتی ہو جیو ہم پر اور

عِبَادِ اللّٰہِ الصّٰلِحِیْنَ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ

بندوں پر خدا کے جو صالحین ہیں گواہی دیتا ہوں میں کہ نہیں ہے کوئی معبود سوائے خدا کے اور گواہی دیتا ہوں میں کہ

مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ اسکے بعد درود ابراہیم یعنے یہہ درود پڑھے

محمدؐ بندے اسکے اور رسول اُسکے ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ

خدا بھیج محمدؐ پر اور آل پر محمدؐ کے جیسا کہ درود بھیجا تونے ابراہیم پر

وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ

اور آل پر ابراہیم کی یقین تو سراہا ہوا بزرگ ہے خدایا برکت دے محمدؐ پر اور

عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ

آل محمدؐ پر جیسا کہ برکت دی تونے ابراہیم پر اور آل پر ابراہیم کی

اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اُسکے بعد یہہ دعا ماثورہ پڑھے اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ

یقین تو سراہا ہوا بزرگ ہے خدایا بخش مجھ کو

وَلِوَالِدَیَّ وَلِاُسْتَاذِیْ وَلِجَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

اور ماں باپ کو میرے اور استاذ کو میرے اور تمام مومن مردوں کو اور مومن عورتوں کو

وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

اور مسلمان مردوں کو اور مسلمان عورتوں کو رحمت سے اپنی اے رحم کرنیوالے زیادہ سب رحم کرنیوالوں سے

ف ۱ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب نہایت کرم حق تعالی کا دیکھا تو دوسروں کے واسطے بھی سلامتی چاہی اور معراج کی رات خدا تعالی کے حضور میں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہہ تین کلمے کہے تو اسکے جواب میں حق تعالی نے اسکے بعد تین کلمے فرمائے ۱۲

ف ۲ رب اور اوسکے محبوب کے درمیان جب فرشتوں نے یہہ معاملہ دیکھا تب یہہ گواہی دی ۱۲

یہہ دعا ظہر اور مغرب اور عشا کے فرضون کے بعد پڑھے رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً
اے رب ہمارے دے تو ہمکو دنیا مین نیکی
وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ یہہ دعا فجر اور عصر کے فرضون
اور آخرت مین بہتر شے اور بچا تو ہمکو عذاب سے دوزخ کے
کے بعد پڑھے اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ اِیْمَانًا مُّسْتَقِیْمًا وَّفَضْلًا دَائِمًا
خدایا تحقیق ہم مانگتے ہین تجھسے ایمان مستقیم کو اور فضل دایم کو
وَّنَظَرًا رَحْمَةً وَّعِلْمًا نَّافِعًا وَّعَقْلًا کَامِلًا وَّقَلْبًا مُّنَوَّرًا وَّتَوْفِیْقًا
اور نظر رحمت کو اور علم نافع کو اور عقل کامل کو اور دل روشن کو اور توفیق
اِحْسَانًا وَّتَوْبَةً نَّصُوْحًا وَّصَبْرًا جَمِیْلًا وَّ اَجْرًا عَظِیْمًا وَّلِسَانًا
نیک کو اور توبہ مقبول کو اور صبر نیک کو اور اجر بزرگ کو اور زبان
ذَاکِرًا وَّبَدَنًا صَابِرًا وَّرِزْقًا وَّاسِعًا وَّسَعْیًا مَّشْکُوْرًا وَّذَنْبًا
ذاکر کو اور بدن صابر کو اور رزق کشادہ کو اور کوشش مشکور کو اور گناہ
مَّغْفُوْرًا وَّعَمَلًا مَّقْبُوْلًا وَّدُعَآءً مُّسْتَجَابًا وَّجَنَّةَ الْفِرْدَوْسِ
مغفور ہونیوالے کو اور عمل مقبول کو اور دعاے مستجاب کو اور جنت فردوس کو
نَعِیْمًا بِرَحْمَتِكَ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ
مقام نعمت کا رحمت سے تیری اے بڑے رحم کرنیوالے سب سے اور درود ہو بھیجو اللہ تعالی کا اوپر بہترین خلق اسکی کے
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ
سردار ہمارے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آل پر اونکے اور اصحاب پر اونکے تمام پاک ہے رب تیرا کہ صاحب
الْعِزَّةِ عَمَّا یَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ
عزت کا ہے بلندہے سراہنے سے اور سلام تمام مرسلون پر اور سب تعریف خدا کے لئے
رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ صبح کے دو سنتون کی نیت یہہ ہے نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّیَ
جو رب عالم کا ہے نیت کرتا ہون مین نماز پڑھنے کی
لِلّٰهِ تَعَالٰی رَکْعَتَیْنِ سُنَّةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی سُنَّةَ الْفَجْرِ
واسطے اللہ کے دو رکعت سنت رسول اللہ کی سنت وقت فجر کے
مُتَوَجِّھًا اِلٰی جِھَةِ الْکَعْبَةِ الشَّرِیْفَةِ اَللّٰهُ اَکْبَرُ صبح کے
طرف کعبہ شریف کے منہہ کئے ہوئے

Marfat.com

فرض نماز فجر

دو فرضوں کی نیت یہہ ہے نَوَيْتُ اَنْ اُصَلِّيَ لِلّٰهِ تَعَالٰى رَكْعَتَيْنِ صَلٰوةِ الْفَجْرِ
نیت کرتا ہوں میں نماز پڑھنے کی واسطے اللہ کے دو رکعت نماز فجر کی

فَرْضَ اللّٰهِ تَعَالٰى فَرْضَ هٰذَا الْوَقْتِ مُتَوَجِّهًا اِلٰى جِهَةِ الْكَعْبَةِ
فرض اللہ فرض اس وقت کی منھ کئے ہوئے طرف کعبہ

سنت نماز ظہر

الشَّرِيْفَةِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ قبل ظہر کے چار سنتوں کی نیت یہہ ہے نَوَيْتُ اَنْ اُصَلِّيَ
شریف کے نیت کرتا ہوں میں نماز پڑھنے کی

لِلّٰهِ تَعَالٰى اَرْبَعَ رَكَعَاتِ صَلٰوةِ الظُّهْرِ سُنَّةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى
واسطے اللہ کے چار رکعت نماز ظہر کی سنت رسول اللہ کی

مُتَوَجِّهًا اِلٰى جِهَةِ الْكَعْبَةِ الشَّرِيْفَةِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ظہر کے چار فرضوں کی
منھ کئے ہوئے طرف کعبہ شریف کے

فرض نماز ظہر

نیت یہہ ہے نَوَيْتُ اَنْ اُصَلِّيَ لِلّٰهِ تَعَالٰى اَرْبَعَ رَكَعَاتِ صَلٰوةِ الظُّهْرِ
نیت کرتا ہوں میں نماز پڑھنے کی واسطے اللہ کے چار رکعت نماز ظہر کی

فَرْضَ اللّٰهِ تَعَالٰى فَرْضَ هٰذَا الْوَقْتِ مُتَوَجِّهًا اِلٰى جِهَةِ الْكَعْبَةِ الشَّرِيْفَةِ
فرض اللہ فرض اس وقت کی منھ کئے ہوئے طرف کعبہ شریف کے

سنت نماز ظہر

اَللّٰهُ اَكْبَرُ بعد ظہر کے دو سنتوں کی نیت یہہ ہے نَوَيْتُ اُصَلِّيَ لِلّٰهِ تَعَالٰى
نیت کرتا ہوں میں نماز پڑھنے کی واسطے اللہ کے

رَكْعَتَيْنِ صَلٰوةِ الظُّهْرِ سُنَّةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى مُتَوَجِّهًا اِلٰى جِهَةِ
دو رکعت نماز ظہر کی سنت رسول اللہ کی منھ کئے ہوئے طرف

نفل نماز ظہر

الْكَعْبَةِ الشَّرِيْفَةِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ظہر کے نفلوں کی نیت یہہ ہے نَوَيْتُ اَنْ
کعبہ شریف کے نیت کرتا ہوں میں

اُصَلِّيَ لِلّٰهِ تَعَالٰى رَكْعَتَيْنِ صَلٰوةَ نَفْلِ الظُّهْرِ مُتَوَجِّهًا اِلٰى
نماز پڑھنے کی واسطے اللہ کے دو رکعت نماز نفل ظہر کی منھ کئے ہوئے طرف

سنت نماز عصر

جِهَةِ الْكَعْبَةِ الشَّرِيْفَةِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ قبل عصر کے چار سنتوں کی نیت یہہ
کعبہ شریف کے

ہے نَوَيْتُ اَنْ اُصَلِّيَ لِلّٰهِ تَعَالٰى اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ سُنَّةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ
نیت کرتا ہوں میں نماز پڑھنے کی واسطے اللہ کے چار رکعت سنت رسول اللہ کی

تعالیٰ

Marfat.com

تعالیٰ صلوٰۃ العصر متوجہًا الیٰ جہۃ الکعبۃ الشریفۃ اللہ اکبر
نماز عصر کی منھ کرے ہوئے طرف کعبہ شریف کے

عصر کے چار فرضون کی نیّت یہہ ہے نویت ان اصلّی للہ تعالیٰ اربع
نیت کرتا ہون مین نماز پڑھنے کی واسطے اللہ کے چار

رکعات صلوٰۃ العصر فرض اللہ تعالیٰ فرض ہذا الوقت
رکعت نماز عصر کی فرض اللہ فرض اسوقت کی

متوجہًا الیٰ جہۃ الکعبۃ الشریفۃ اللہ اکبر مغرب کے
منھ کرے ہوئے طرف کعبہ شریف کے

تین فرضون کی نیّت یہہ ہے نویت ان اصلّی للہ تعالیٰ ثلث رکعات
نیت کرتا ہون مین نماز پڑھنے کی واسطے اللہ کے تین رکعت

صلوٰۃ المغرب فرض اللہ تعالیٰ فرض ہذا الوقت
نماز مغرب کی فرض اللہ فرض اس وقت کی

متوجہًا الیٰ جہۃ الکعبۃ الشریفۃ اللہ اکبر مغرب کے
منھ کرے ہوئے طرف کعبہ شریف کے

دو سنتون کی نیت یہہ ہے نویت ان اصلّی للہ تعالیٰ رکعتین صلوٰۃ
نیت کرتا ہون مین نماز پڑھنے کی واسطے اللہ کے دو رکعت نماز

المغرب سنۃ رسول اللہ تعالیٰ متوجہًا الیٰ جہۃ الکعبۃ الشریفۃ
مغرب کی سنت رسول اللہ کی منھ کرے ہوئے طرف کعبہ شریف کے

اللہ اکبر مغرب کے دو نفلون کی نیّت یہہ ہے نویت ان اصلّی للہ
نیت کرتا ہومین نماز پڑھنے کی واسطے اللہ کے

تعالیٰ رکعتین صلوٰۃ نفل المغرب متوجہًا الیٰ جہۃ الکعبۃ
دو رکعت نماز نفل مغرب کی منھ کرے ہوئے طرف کعبہ

الشریفۃ اللہ اکبر عشا کے چار سنّتون کی نیت یہہ ہے نویت ان اصلّی
شریف کے نیت کرتا ہومین نماز پڑھنے کی

للہ تعالیٰ اربع رکعات صلوٰۃ العشاء سنۃ رسول اللہ تعالیٰ
واسطے اللہ کے چار رکعت نماز عشا کی سنت رسول اللہ کی

Marfat.com

مُتَوَجِّهًا اِلٰى جِهَةِ الْكَعْبَةِ الشَّرِيْفَةِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ عشا کے چار فرضون
منھ کیے ہوے طرف کعبہ شریف کے

فرض نماز عشا

کی نیت یہہ نَوَيْتُ اَنْ اُصَلِّيَ لِلّٰهِ تَعَالٰى اَرْبَعَ رَكْعَاتِ صَلٰوةِ الْعِشَاءِ
نیت کرتا ہوں نماز پڑھنے کی واسطے اللہ کے چار رکعت نماز عشا کی

فَرْضَ اللّٰهِ تَعَالٰى فَرْضَ هٰذَا الْوَقْتِ مُتَوَجِّهًا اِلٰى جِهَةِ الْكَعْبَةِ
فرض اللہ فرض اس وقت کی منھ کیے ہوے طرف کعبہ

سنت بعد عشا

الشَّرِيْفَةِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ بعد عشا کے دو سنتون کی نیت یہہ نَوَيْتُ اَنْ
شریف کے نیت کرتا ہوں

اُصَلِّيَ لِلّٰهِ تَعَالٰى رَكْعَتَيْنِ صَلٰوةَ بَعْدَ الْعِشَاءِ سُنَّةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ
نماز پڑھنے کی واسطے اللہ کے دو رکعت نماز بعد عشا کی سنت رسول اللہ کی

تَعَالٰى مُتَوَجِّهًا اِلٰى جِهَةِ الْكَعْبَةِ الشَّرِيْفَةِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ
منھ کیے ہوے طرف کعبہ شریف کے

اوپر لکھی ہوئی نیتین پانچون وقت کی فرض نماز تنہا پڑھنے والیکے واسطے ہین اگر امین سے

کوئی نماز امام کے ساتھ پڑھے تو مُتَوَجِّهًا سے پہلے اِقْتَدَيْتُ بِهٰذَا الْاِمَامِ

نماز وتر

بھی کہوے بعد عشا کے تین رکعت وتر کی نیت یہہ ہے نَوَيْتُ اَنْ اُصَلِّيَ لِلّٰهِ
نیت کرتا ہوں نماز پڑھنے کی واسطے اللہ

تَعَالٰى ثَلٰثَ رَكْعَاتِ صَلٰوةِ وِتْرِ هٰذَا اللَّيْلِ مُتَوَجِّهًا اِلٰى جِهَةِ
کے تین رکعت نماز وتر اس رات کی منھ کیے ہوے طرف

الْكَعْبَةِ الشَّرِيْفَةِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وتر کی تیسری رکعت مین بعد قرارت کے دعاء
کعبہ شریف کے

دعاء قنوت

قنوت پڑھے وہ یہہ ہے اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْتَعِيْنُكَ وَنَسْتَغْفِرُكَ وَنُؤْمِنُ
خدایا یقین ہم یاری چاہتے ہین تجھسے اور مغفرت مانگتے ہین تجھ سے اور ایمان لائے ہم

بِكَ وَنَتَوَكَّلُ عَلَيْكَ وَنُثْنِيْ عَلَيْكَ الْخَيْرَ وَنَشْكُرُكَ وَلَا
تجھپر اور بھروسا کرتے ہین ہم تجھپر اور سراہتے ہین ہم تجھکو نیکی سے اور شکر کرتے ہین ہم تیرا اور

نَکْفُرُکَ وَنَخْلَعُ وَنَتْرُکُ مَنْ یَّفْجُرُکَ اَللّٰھُمَّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَلَکَ
کفر نہیں کرتے ہیں ہم تیرا اور چھوڑتے ہیں ہم اوسکو جو نافرمانی ہے تیری خدایا تیری ہی عبادت کرتے ہیں ہم اور تیرے ہی

نُصَلِّیْ وَنَسْجُدُ وَاِلَیْکَ نَسْعٰی وَنَحْفِدُ وَنَرْجُوْا رَحْمَتَکَ وَنَخْشٰی
واسطے نماز گذارتے ہیں ہم اور سجدہ کرتے ہیں ہم اور تیری ہی طرف کوشش کرتے ہیں ہم اور تابعداری کرتے ہیں ہم اور رکھتے ہیں ہم امید تیری رحمت سے اور ڈرتے

عَذَابَکَ اِنَّ عَذَابَکَ بِالْکُفَّارِ مُلْحِقٌ جمعہ کے نماز کی نیت اُسْقِطُ صَلٰوۃَ
ہیں ہم تیرے عذاب سے یقین تیرا عذاب کافروں کو ملے گا ساقط کرتا ہوں میں نماز

فَرْضِ ھٰذَا الظُّھْرِ عَنْ ذِمَّتِیْ بِاَدَاءِ صَلٰوۃِ الْجُمُعَۃِ لِلّٰہِ تَعَالٰی اِقْتَدَیْتُ
فرض کو اس ظہر کی ذمے سے اپنے واسطے ادا کرنے نماز جمعہ کی خدا تعالی کیلئے تابعداری کی میں نے

بِھٰذَا الْاِمَامِ تراویح کے نماز کی نیت اُصَلِّیْ صَلٰوۃَ التَّرَاوِیْحِ لِلّٰہِ تَعَالٰی عید الفطر
اس امام کی پڑھتا ہوں میں نماز کو تراویح کی خدائے تعالی کے لئے

کی نماز کی نیت نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّیَ لِلّٰہِ تَعَالٰی رَکْعَتَیْنِ مَعَ سِتَّۃِ تَکْبِیْرَاتِ صَلٰوۃِ
نیت کرتا ہوں میں نماز پڑھنے کی واسطے اللہ کے دو رکعت مع چھے تکبیروں کے نماز

عِیْدِ الْفِطْرِ اِقْتَدَیْتُ بِھٰذَا الْاِمَامِ مُتَوَجِّھًا اِلٰی جِھَۃِ الْکَعْبَۃِ الشَّرِیْفَۃِ
عید الفطر کی اقتدا کرتا ہوں میں اس امام کی منھ کئے ہوئے طرف کعبہ شریف کے

اَللّٰہُ اَکْبَرُ عید الضحی کی نماز کی نیت نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّیَ لِلّٰہِ تَعَالٰی رَکْعَتَیْنِ مَعَ
نیت کرتا ہوں میں نماز پڑھنے کی واسطے اللہ کے دو رکعت مع

سِتَّۃِ تَکْبِیْرَاتِ صَلٰوۃِ عِیْدِ الْاَضْحٰی اِقْتَدَیْتُ بِھٰذَا الْاِمَامِ مُتَوَجِّھًا
چھے تکبیروں کے نماز عید اضحی کی اقتدا کرتا ہوں میں اس امام کی منھ کئے ہوئے

اِلٰی جِھَۃِ الْکَعْبَۃِ الشَّرِیْفَۃِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ جنازے کی نماز کی نیت اُصَلِّیْ لِلّٰہِ تَعَالٰی وَاَدْعُوْا
طرف کعبہ شریف کے نماز پڑھتا ہوں میں خدا تعالی کیلئے اور دعا کرتا ہوں

لِھٰذَا الْمَیِّتِ اِقْتَدَیْتُ بِھٰذَا الْاِمَامِ پھر تکبیر کہتے ہوئے تحریمہ باندھکے یہ دعا پڑھے سُبْحَانَکَ
واسطے اس میت کے تابعداری کیا میں اس امام کی پاک ہے تو

اَللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ وَتَبَارَکَ اسْمُکَ وَتَعَالٰی جَدُّکَ وَجَلَّ ثَنَاؤُکَ وَلَا اِلٰہَ غَیْرُکَ
اے اللہ اور ساتھ حمد تیری کے اور برکت والا ہے نام تیرا اور بلند ہے بزرگی تیری اور بزرگ ہے ثنا تیری اور نہیں کوئی معبود سوا تیرے

دوسری تکبیر کے بعد درود ابراہیم پڑھے تیسری تکبیر کے بعد یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِحَیِّنَا
اے اللہ بخش تو زندوں کو ہمارے

Marfat.com

وَمَيِّتِنَا وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا وَصَغِيْرِنَا وَكَبِيْرِنَا وَذَكَرِنَا

اور مردونکو ہمارے اور حاضرونکو ہمارے اور غائبون کو ہمارے اور چھوٹونکو ہمارے اور بڑونکو ہمارے اور مردون کو ہمارے

وَاُنْثَانَا اَللّٰهُمَّ مَنْ اَحْيَيْتَهٗ مِنَّا فَاَحْيِهٖ عَلَى الْاِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّيْتَهٗ

اور عورتونکو ہمارے خدایا جسکو کہ زندہ رکھیگا تو ہم میں سے تو زندہ رکھ اسکو اسلام پر اور جسکو ماریگا تو

مِنَّا فَتَوَفَّهٗ عَلَى الْاِيْمَانِ - اگر میت لڑکا ہو تو یہ پڑھے[1] اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا

ہم میں سے تو مار اوسکو ایمان پر خدایا کر تو اوسکو ہمارے لئے

فَرَطًا وَّاجْعَلْهُ لَنَا اَجْرًا وَّذُخْرًا وَّاجْعَلْهُ لَنَا شَافِعًا وَّمُشَفَّعًا

پیشوا اور کر تو اوسکو ہمارے لئے اجر اور ذخیرہ اور کر تو اسکو ہمارے لئے شافع اور مقبول الشفاعۃ

بعدہ چوتھی تکبیر کے رَبَّنَا اٰتِنَا آخر تک پڑھکے سلام پھیرے

اہل قبور پر سلام کا طریقہ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَهْلَ الْقُبُوْرِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ اَنْتُمْ لَنَا سَلَفٌ وَّنَحْنُ

سلامتی ہو جیو تم پر اے قبرون کے لوگ قوم سے مسلمانونکے تم ہمارے پیشرو ہو اور ہم

لَكُمْ تَبَعٌ وَّاِنَّا اِنْشَاءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَاحِقُوْنَ - يَرْحَمُ اللّٰهُ الْمُتَقَدِّمِيْنَ

تمہارے پیرو ہیں اور یقین ہم اگر خدا چاہے تمہارے سے ملین گے رحم کرے اللہ اگلون ہمارے پر

مِنَّا وَالْمُتَاَخِّرِيْنَ نَسْاَلُ اللّٰهَ لَنَا وَلَكُمُ الْعَافِيَةَ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ

اور پچھلون ہمارے پر مانگتے ہیں ہم اللہ سے اپنے واسطے اور تمہارے واسطے عافیت بخشے اللہ ہمکو اور تمکو

وَيَرْحَمُنَا اللّٰهُ وَاِيَّاكُمْ **روزے کی نیت** اَللّٰهُمَّ اَصُوْمُ غَدًا لَكَ فَاغْفِرْ لِيْ

اور رحم کرے اللہ ہمپر اور تم پر خدایا روزہ رکھتا ہون مین صباح کو تیرے لئے پس بخش تو

مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ **افطار کی نیت** اَللّٰهُمَّ لَكَ صُمْتُ

اگلے اور پچھلے گناہون کو میرے خدایا روزہ رکھتا ہون مین تیرے لئے

وَبِكَ اٰمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَعَلٰى رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ

اور ایمان لایا مین تجھپر اور توکل کیا مین تجھپر اور تیرے ہی رزق سے افطار کیا مین

فَتَقَبَّلْ مِنِّيْ **فاتحہ کا طریقہ**[2] اَللّٰهُمَّ اَوْصِلْ ثَوَابَ مَا قَرَاْتُ

پس قبول کر تو روزہ یکو میرے خدایا پہونچا تو ثواب کو اوس چیز کے جو پڑھا مین نے

[1] میت اگر دولے یا لڑکی کی ہو تو (ہٗ) کی جگہہ (ھا) کہے اور (شَافِعًا وَّمُشَفَّعًا) کی جگہہ (شَافِعَةً وَّمُشَفَّعَةً) کہے ۱۲

[2] قرآن وغیرہ پڑھنے اور کھانا وغیرہ صرف کرنے کے بعد اس طرح سے پڑھے نہیں تو (مَا قَرَاْتُ) کی جائے (مَا اَقْرَاْتُمْ) اور (وَمَا تَصَدَّقْتُ) کی جگہہ (وَمَا تَصَدَّقَ) پڑھے ۱۲

Marfat.com

مِنَ الْقُرْاٰنِ وَالصَّلَوٰتِ وَالْکَلِمٰتِ الطَّیِّبَاتِ وَثَوَابَ مَا تَصَدَّقْتُ

قرآن سے اور درود سے اور کلمون پاکیزہ سے اور ثواب اسچیز کا جو خیرات کیا مین نے

لَکَ مِنْ هٰذِهِ الْاَطْعِمَةِ وَالْاَشْرِبَةِ اِلٰی رُوْحِ قُدْسِ نَبِیِّکَ وَحَبِیْبِکَ

تیرے لئے اس کھانے اور پانیون سے طرف روح پاک نبی تیرے اور محبوب تیرے

خَاتَمِ الْمُرْسَلِیْنَ شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ صَاحِبِ التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ

خاتم رسلون کے شفیع گنہگارون کے صاحب تاج اور معراج کے

اَحْمَدَ الْمُجْتَبٰی مُحَمَّدِ الْمُصْطَفٰی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ

احمد مجتبےٰ محمد مصطفےٰ درود ہوجیو اللہ کا انپر اور آل پر انکے اور اصحاب پر انکے

وَاَزْوَاجِهٖ وَاَهْلِ بَیْتِهٖ وَسَلَّمَ ثُمَّ اِلٰی رُوْحِ فُلَانٍ ثُمَّ اِلٰی اَرْوَاحِ

اور بی بیون پر انکے اور اہل بیت پر انکے اور سلام طرف روح فلانے کے پیچھے طرف روحان

جَمِیْعِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَاِلٰی عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِیْنَ ثُمَّ اِلٰی

تمام نبیون اور تمام رسلون کے اور طرف بندگان صالحون کے پیچھے طرف

اَرْوَاحِ جَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ نیت عقیقہ کی

روحان تمام مومنون کے رحمت سے تیری اے بڑے رحم کرنیوالے

اَللّٰهُمَّ هٰذِهٖ عَقِیْقَةُ ابْنِیْ فُلَانٍ دَمُهَا بِدَمِهٖ وَلَحْمُهَا بِلَحْمِهٖ

یا اللہ یہ عقیقہ ہے میرے فلانے بیٹے کا خون اوسکا بدلے اوسکے خون کے اور گوشت اوسکا بدلے اوسکے گوشت کے

وَعَظْمُهَا بِعَظْمِهٖ وَجِلْدُهَا بِجِلْدِهٖ وَشَعْرُهَا بِشَعْرِهٖ وَجُزْئُهَا

اور ہڈی اوسکی بدلے اوسکی ہڈی کے اور چمڑا اوسکا بدلے اوسکے چمڑے کے اور بال اوسکا بدلے اوسکے ہر بال کے اور ہر جزو اوسکا

بِجُزْئِهٖ وَکُلُّهَا بِکُلِّهٖ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا فِدَاءً لِاِبْنِیْ مِنَ النَّارِ

بدلے اوسکے ہر جزو کے اور کل اوسکا بدلے اوسکے کل کیا اللہ کر اس عقیقہ کو فدیہ واسطے میرے بیٹے کے آگ سے

بعد اسکے بسم اللہ اکبر کہکے ذبح کرے

ف۱ اگر کھانے پینے کی چیزین ہون تو لفظ (وَثَوَابَ) سے (وَالْاَشْرِبَةِ) تک چھوڑ دیوے ۱۲ ف۲ لفظ فلان کی جگہہ جسکو ثواب پہنچانا ہو اوسکا نام لیوے ۱۲ ف۳ اگر عقیقہ لڑکی کا ہو تو (اِبْنِیْ) کی جگہہ (بِنْتِیْ) کہے اور ضمیرہ کی جگہہ ھا کہے اور لفظ فلان کی جگہہ اوس لڑکے یا لڑکی کا نام لیوے فائدہ یہ سب اوس وقت مین ہے جبکہ خود باپ ذبح کرے اگر باپ کے سوا دوسرا کوئی ذبح کرے تو بعد لفظ (عَقِیْقَةُ) کے اوس لڑکے یا لڑکی کا نام لیوے اور بجائے (اِبْنِیْ) یا (بِنْتِیْ) کے (اِبْنِ) یا (بِنْتِ) کہے اور بعد لفظ ابن یا بنت کے اوس لڑکے یا لڑکی کے باپ کا نام لیوے

تمام شد

Marfat.com

مفید الصلوٰۃ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ نہین کوئی معبود بحق سوائے اللہ کے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھیجے ہوئے اللہ کے ہین ہر عاقل[۱] و بالغ[۲] پر واجب ہے کہ محض خدا کی خوشی کے واسطے بغیر کسی غرض کے دل کی سچائی کے ساتھ خدا کی معبودیت پر اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت پر ایمان لاوے یعنے دل مین یون سمجھے کہ مین خدا کے سوا کسی کی عبادت بندگی ہرگز نہ کرونگا اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے رسالت کے حکمون کے سوا کسی اور کے حکمون پر ہرگز نہ چلونگا جب آدمی صدق دل سے ایسا سمجھے اور زبان سے کلمہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کا اقرار بھی کیا تو اوسی کو مومن کہتے ہین اب اس مومن کو چاہئے کہ دل مین اپنے جیسا کہ سمجھا ہے ویسا ہی اپنے دل[۳] اور زبان[۴] اور اعضا سے رسالت کے حکمون پر عمل کرنے لگے اور شرک وبدعت اور فسق وفجور کے کامون سے بہت بچتے رہے اور کبھی خدا کی عبادت کے کامون کو اوسکے کسی مخلوق سے ہرگز نہ بجا لاوے اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کے حکمون کو اور آپ کی رسم وعادت کو اپنے شادی وغمی کے کامون مین چھوٹے لوگون کی اور بڑون کی چال چلن رسم وعادت پر نہ بیچے اور آپ کے حکمون کا خلاف ہرگز نہ کرے جب کوئی ارشاد حضرت کا کسی دیندار سے سنے تو جب دل کی خوشی کے ساتھ اوسکو مان لیوے اور اوسپر عمل کرنے لگے اور حضرت کے حکمون پر چلنے کو ننگ وعار نہ سمجھے بلکہ اوسکو اپنی دو جہان کی عزت اور فخر کا باعث جانے اوسی کو مسلمانی کہتے ہین خدا سب ایمان والون کو نیک بات کی توفیق دیوے اور ایمان کو دور کرنیوالے کامون سے بچاوے آمین۔ پھر جو مومن عاقل وبالغ ہے اوسپر تمام دن رات مین بیمار ہو یا تندرست پانچ وقت کی نماز فرض ہے ہر ایک وقت کی نماز کو اوسکے وقت مین ادا ہی کرے

بیان نماز کا

---

۱ عاقل وہی ہے جو بھلے برے مین تمیز کرے ۱۲ ۲ بالغ وہ ہے جو پندرہ برس کے سن کو پہنچا ہو اور عورت نو برس یا بارہ برس کے سن کو پہونچے اور اوسکے آثار بھی نکلین مثل احتلام ہونا ۱۲ ۳ یعنے دل مین شرک اور بدعت کے عقیدے اور منافقی اور بری نیتین نہ رکھے بلکہ جو عقیدے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خدا کے پاس سے لائے ہین اوسپر مضبوط ہو جاوے شک وشبہ نہ لاوے شک وشبہ لانا کفر کی علامت ہے ۱۲ ۴ یعنے کلمات کفر اور بری باتین اور غیبت وغیرہ نہ کرے بلکہ اپنی زبان کو تابع بناوے رسول اللہ صلعم کے یعنے قرآن وحدیث پڑھے اور نیک بات اور اچھے کام کرے ۱۲

سستی اور تغافلی سے نہ چھوڑ دیوے کیونکہ نماز کسی وقت مین معاف نہین ہے سوائے موت کے اور ہر سال رمضان کا تمام مہینا بھر روزے رکھنا فرض ہے اوسکے سوائے اگر کوئی مسلمان مالدار اور صاحب تجارت اور اونٹ گائے بکری وغیرہ کا مالک بھی ہو تو اوسکو ہر سال کو ایکبار اپنے سب ملک کی زکوٰۃ دینا اور عمر بھر مین ایکبار کعبہ شریف کا حج کرنا فرض ہے اور مالدار پر یہ بھی واجب ہے کہ ہر سال عید الفطر کے دن نماز کے آگے صدقہ فطر کو ادا کرکے عید کی نماز کو جاوے اور عید الضحیٰ مین بعد نماز کے قربانی دیوے اگر کوئی ایک وقت کی نماز عمداً ترک کریگا تو اوسکے بدلے اسّی حقبے دوزخ مین جلیگا حقبہ اسّی ہزار برس کی مدت کو کہتے ہین اگر کوئی مال رکھکے زکوٰۃ نہ دیگا تو وہ مال دوزخ مین گرم کرکے قیامت کے دن اوسکو داغ دینگے اور زیور اژدہا بن کے اوسکو ڈسا کریگا اور جو کوئی خدا کی ذات وصفات مین اوسکی مخلوق کو شریک کریگا تو وہ شخص ابداً آباد یعنے ہمیشہ ہمیشہ دوزخ مین رہیگا کبھی اوسکو چھٹکارا ہی نہین نعوذ باللہ منہا۔ اب بیان والون کو چاہیے کہ شرک کے کام اور عقیدے اور اقوال دریافت کرکے اونسے بچتے رہین نہین تو ہمیشہ ہمیشہ دوزخ مین جلنا پڑیگا۔ فرض نماز کے وقت فجر کی نماز کا وقت صبح صادق طلوع ہونے کے بعد سے لیکے آفتاب نکلنے سے آگے تک کا ہے اوسکے درمیان دو رکعتین سنت اور دو رکعتین فرض ہین اور ظہر کا وقت آفتاب ڈھلنے سے لیکے ہر چیز کا سایہ اسکے برابر ہونے تک کا ہے اوسکے درمیان اول چار رکعتین سنت پھر چار رکعتین فرض بعد دو رکعتین سنت اور عصر کا وقت ہر چیز کا سایہ دوگنا ہونیسے لیکے آفتاب ڈوبنے تک کا ہے اوسکے درمیان چار رکعتین فرض ہین اور مغرب کا وقت آفتاب ڈوبنے کے بعد سے لیکے شفق احمر غائب ہونے تک کا ہے اوسکے درمیان تین رکعتین فرض بعد دو رکعتین سنت ہین اور عشا کا وقت شفق گم ہونیسے لیکے صبح صادق طلوع ہونیکے آگے تک کا ہے اوسکے درمیان چار رکعتین فرض بعد دو رکعتین سنت اور اسکے بعد وتر کی تین رکعتین بھی ضرور ایک سلام سے ہو یا دو سلام سے جب نماز کا وقت آوے تو پہلے بدن کی طہارت کرے اگر غسل کی حاجت ہووے تو غسل کرے ورنہ وضو اچھی طرح سے کرے اگر پانی

صبح کا وقت

ظہر کا وقت

عصر کا وقت

مغرب کا وقت

عشا کا وقت

لہ جب کوئی مسلمان مرد ہو یا عورت سوکر اوٹھے اور اپنے کپڑے پر تراوٹ منی کی پاوے اگرچہ احتلام یاد نہ ہووے غسل کرے اسیطرح جب اپنی عورت سے ملے یا کوئی بدبخت لوطی مرد یا عورت سے لواطت کرے جب حشفہ غائب ہووے تب دونون پر غسل واجب ہوتا ہے اگرچہ انزال نہووے ایسا ہی اگر کوئی بدبخت جانور سے یا مردے سے صحبت کرے یا زلق مارے تو ادسپر غسل واجب ہونیکے واسطے انزال شرط ہے لیکن ان کامون کے کرنیوالے پر اللہ کی لعنت وترش ہے بہت ڈرنا چاہیے اور جو عورت حیض ونفاس سے پاک ہووے اوسپر غسل واجب ہوتا ہے حیض اوسکو کہتے ہین جو عورت بالغہ یعنے نو برس کی عمر سے پچپن برس تک ہر مہینے مین کئی دن خون رحم سے جاری رہتا ہے اگر تین دن سے کم اور دس رات دن سے زیادہ جاری ہووے تو وہ بیماری ہے غسل کرکے نماز وغیرہ کیا چاہیے اور سوائے سفید رنگ کے جو رنگ کا خون کہ رحم سے جاری ہے وہ حیض ہے جب سفیدی بر آوے تب پاکی پہچانے پر غسل کر جاہیے کہ جب نماز کا وقت آوے اور بیت الخلا کو جانیکی حاجت ہو تو جاوے اور استنجا کرکے بعد وضو کرنیکے لیے قبلہ کیطرف منہ کرکے بیٹھے اور پہلے دونون ہاتھ پہنچون تک دھووے بعد اسکے تین بار غرغرہ کرے اگر روزہ دار ہو تو کلی کرے اور مسواک کرے اور تین بار ناک مین پانی دیوے اور تین بار پورا منہ دھووے اور ڈاڑھی مین پانی پہنچاوے اور تین بار دونون ہاتھ کہنیون تک دھووے اور سارے سر کا مسح کرے اور کانونکا اور دونون پانون ٹخنے تک دھووے ۱۲

Marfat.com

میسر نہو تو تیمم کرے بعد اوسکے اذان دیوے اذان یہ ہے اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ
اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَشْہَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَشْہَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَشْہَدُ اَنَّ
مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ اَشْہَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ
حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اور صبح کی
اذان مین بعد حیّ علی الفلاح کے دوبار اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ کہے جو کوئی اذان سنے
لہو لعب چھوڑ دیوے اور اذان سننے کی طرف متوجہ ہووے اور جیسا موذن کہتا ہے ویسا ہی
آپ بھی کہتے جاوے اور حیّ علی الصلوٰۃ حیّ علی الفلاح کا جواب لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ
کہے جب اذان تمام ہووے درود پڑھے اور یہ دعا اللہ سے مانگے اَللّٰہُمَّ رَبَّ ہٰذِہِ الدَّعْوَۃِ
التَّآمَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ الْقَآئِمَۃِ اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَالدَّرَجَۃَ الرَّفِیْعَۃَ
وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَانِ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ وَارْزُقْنَا شَفَاعَتَہٗ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ اِنَّکَ
لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ اور اقامت مانند اذان کے ہے لیکن اقامت کے تئین جلدی جلدی بولے
اور بعد حیّ علی الفلاح کے دوبار قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ کہے۔ نماز کی صورت پاک ساک با وضو
پاک کپڑے سے شرعی ستر ڈھانپے ہوئے پاک جگہہ پر قبلہ کیطرف منھہ کرکے اقامت بولے اور فلانی
نماز کرتا ہون کرکے دل کی ٹھیک نیّت سے اللہ اکبر کہے اور اوسوقت دونون ہاتھہ کان کی لولکیون
تک اٹھاکے بائین ہاتھہ کے نیچے پر سیدھے ہاتھہ کی ہتھیلی رکھکے ناف سے اترتے باندھہ لیوے
لیکن عورتین مونڈھون تک دونون ہاتھہ اٹھاکے سینے پر باندھہ لیوین پھر سُبْحٰنَکَ اللّٰہُمَّ
وَبِحَمْدِکَ وَتَبَارَکَ اسْمُکَ وَتَعَالٰی جَدُّکَ وَلَآ اِلٰہَ غَیْرُکَ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ
الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھے اور اوسکے بعد الحمد کا تمام سورہ پڑھکے
آمین بولے اور ایک سورہ یا ایک بڑی آیت یا تین مختصر آیتین پڑھے اور اللہ اکبر کہکر رکوع مین
جاوے اور سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ تین بار کہے پھر سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ بولکر رکوع سے سر
اٹھاوے اور رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ بولے پھر اللہ اکبر کہتا ہوا سجدے مین جاوے اور سُبْحَانَ
رَبِّیَ الْاَعْلٰی تین بار بولے اور اللہ اکبر کہکے سجدے سے اٹھکے سیدھا بیٹھے پھر اللہ اکبر
کہکے دوسرا سجدہ کرے اور اسی طرح سبحان ربی الاعلی تین بار کہے پھر اللہ اکبر کہتا ہوا سجدے
سے اٹھہ کھڑا ہووے اور دوسری رکعت بغیر ثنا اور اعوذ کے فقط بسم اللہ سے الحمد اور سورہ
پڑھکے ادا کرے جیسا آگے کہا گیا اب اگر نماز دوگانہ ہو تو قعدہ مین بیٹھے اور کہے اَلتَّحِیَّاتُ
لِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالطَّیِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّہَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ
اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصّٰلِحِیْنَ اَشْہَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

Marfat.com

وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰۤى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰۤى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ
عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰۤى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰۤى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ
حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْۤ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ
الْقَبْرِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا
وَالْمَمَاتِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْۤ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْمَاْثَمِ وَالْمَغْرَمِ یہان تک پڑھکے السلام علیکم
ورحمۃ اللہ سیدھے بائین کہکے نماز سے باہر آوے اگر چار رکعتی یا تین رکعتی نماز ہو تو پہلے قعدہ
مین التحیات عبدہ ورسولہ تک پڑھکے اللہ اکبر کہتا ہوا اُٹھ کھڑا ہووے اور تیسری چوتھی رکعت
ادا کرے پھر دوسرا قعدہ بیٹھکر التحیات اور درود ابراہیمی اور دعائے ماثورہ پڑھکے السلام علیکم
ورحمۃ اللہ سیدھے بائین کہکے نماز سے باہر آوے اور یہہ بھی جانئے کہ چار رکعتی اور تین رکعتی
فرض نمازون مین اگلی دو ہی رکعتون مین قرأت واجب ہے پچھلیون مین واجب نہین مگر فقط
الحمد پڑھا چاہیے لیکن سنّت اور نفل نمازون کی ہر رکعت مین قرأت واجب ہے اور یہہ بھی جاننا
چاہیے کہ وتر کی تیسری رکعت مین بعد ضم سورہ کے اللہ اکبر بولکے دونون ہاتھ کان کی لوکیون تک اور
عورتین مونڈھون تک لیجا کے باندھ لیوے اور یہہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْتَعِيْنُكَ وَنَسْتَغْفِرُكَ
وَنُؤْمِنُ بِكَ وَنَتَوَكَّلُ عَلَيْكَ وَنُثْنِيْ عَلَيْكَ الْخَيْرَ وَنَشْكُرُكَ وَلَا نَكْفُرُكَ وَنَخْلَعُ وَ
نَتْرُكُ مَنْ يَّفْجُرُكَ اَللّٰهُمَّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَلَكَ نُصَلِّيْ وَنَسْجُدُ وَاِلَيْكَ نَسْعٰى وَ
نَحْفِدُ وَنَرْجُوْا رَحْمَتَكَ وَنَخْشٰى عَذَابَكَ اِنَّ عَذَابَكَ بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌ بعد دعا پڑھنے کے اللہ اکبر کہکے
رکوع مین جاوے اور نماز کو تمام کرے ۔ اور جمعہ کے دن غسل کرے اور پاک کپڑے پہنکے
مسجد کو جاوے اور تحیۃ المسجد دو رکعت نماز ادا کرے بعد اوسکے چار رکعتین سنّت جمعہ کی پڑھے
جب خطیب خطبہ پڑھنا شروع کرے نماز وغیرہ موقوف کرکے خطبہ سُننے مین مشغول ہووے جب
دونون خطبے تمام ہو جاوین دو رکعت فرض جمعہ کی امام کے ساتھ ادا کرے بعد اوسکے پھر
چار رکعتین سنّت نماز پڑھے جمعہ کے دن بعد اذان کے نماز تمام ہوئے تک مسلمانون کو
خرید و فروخت حرام ہے اور عید کے دن نہا دھو کے پاک کپڑے پہنے ہوئے خوشبو لگا کر صدقہ
فطر کا ادا کرکے اور کچھ تناول کرکے تکبیر بولتے ہوئے عیدگاہ کو جاوے اور وہان نفل نماز نہ پڑھے
جب سب لوگ جمع ہو جاوین دو رکعتین عید کی اس طرح سے ادا کرے کہ پہلے نیّت کرے کہ دو رکعت

بیان دعا بعد درود ابراہیمی کے جو لکھی گئی ہے مشکوٰۃ شریف مین ہے اور ایک دعا بعد درود ابراہیمی کے نماز مین پڑھنے کی یہہ ہے اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ
ظَلَمْتُ نَفْسِیْ ظُلْمًا كَثِيْرًا وَّلَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ فَاغْفِرْ لِیْ مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِیْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۱۲ ۔ بیان ۹۲ یا یون نیت کرے نَوَیْتُ اَنْ
اُصَلِّیَ لِلّٰهِ تَعَالٰى رَكْعَتَيْنِ مَعَ سِتِّ تَكْبِيْرَاتٍ صَلٰوةَ عِيْدِ الْفِطْرِ اِقْتَدَيْتُ بِهٰذَا الْاِمَامِ مُتَوَجِّهًا اِلٰى جِهَةِ الْكَعْبَةِ الشَّرِيْفَةِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۱۲

نماز پڑھتا ہون واجب نماز عید الفطر کی ساتھ چھ تکبیرونکے واسطے اللہ کے پیچھے اس امام کے منھ میرا طرف کعبہ شریف کے پھر دونون ہاتھ کانون تک اُٹھا کے اَللّٰہُ اَکبَر امام کے ساتھ (پہلی دفعہ) کہکے ناف کے نیچے ہاتھ باندھ لے اور سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ آہستہ پڑھے پھر (دوسری بار) امام کے اَللّٰہُ اَکبَر کی آواز کے ساتھ دونون ہاتھ کانون تک اٹھا کے اَللّٰہُ اَکبَر آہستہ کہکے چھوڑ دے یعنے ہاتھ نہ باندھے اور امام بقدر تین تسبیح کے توقف و سکوت کرے پھر (تیسرے مرتبہ) امام کے اَللّٰہُ اَکبَر کی آواز کے ساتھ دونون ہاتھ کانون تک اُٹھا کے اَللّٰہُ اَکبَر آہستہ کہکے چھوڑ دے بعد اوسکے (چوتھے بار) امام کے اَللّٰہُ اَکبَر کی آواز کے ساتھ دونون ہاتھ کانون تک اُٹھا کے اَللّٰہُ اَکبَر آہستہ کہکے ناف کے نیچے باندھ لے اور امام بلند آواز سے قرأت پڑھے اور سب مقتدی چپکے سنا کرین امام کے قرأت پڑھنے کے بعد امام کے اَللّٰہُ اَکبَر کی آواز کے ساتھ (پانچوین دفعہ) بغیر ہاتھ اُٹھائے اَللّٰہُ اَکبَر آہستہ کہتا ہوا رکوع مین چلا جائے اور رکوع اور سجدہ امام کے ساتھ ادا کرے جب دوسرے سجدہ سے فارغ ہو امام کے ساتھ اَللّٰہُ اَکبَر کہتا ہوا دوسری رکعت کیلئے کھڑا ہو جائے اور دونون ہاتھ باندھے ہوئے چپکے کھڑا رہے امام قرأت سے جسوقت فارغ ہوکے اَللّٰہُ اَکبَر کہے امام کے اَللّٰہُ اَکبَر کی آواز کے ساتھ دونون ہاتھ کانون تک اُٹھا کے اَللّٰہُ اَکبَر آہستہ (پہلی دفعہ) کہے اور دونون ہاتھ چھوڑ دے پھر (دوسری مرتبہ) امام کے اَللّٰہُ اَکبَر کی آواز کے ساتھ دونون ہاتھ کانون تک اُٹھا کے اَللّٰہُ اَکبَر آہستہ کہکے چھوڑ دے پھر (تیسری مرتبہ) امام کے اَللّٰہُ اَکبَر کی آواز کے ساتھ دونون ہاتھ کانون تک اُٹھا کے اَللّٰہُ اَکبَر کہکے چھوڑ دے پھر (چوتھی بار) امام کے اَللّٰہُ اَکبَر کی آواز کے ساتھ بغیر دونون ہاتھ کانون تک اُٹھائے ہوئے اَللّٰہُ اَکبَر آہستہ کہتے ہوئے رکوع مین چلا جائے اور رکوع اور سجود اور قعدہ امام کے ساتھ ادا کرے نماز کے تمام ہونیکے بعد امام دو خطبے پڑھے اور درمیان انکے بقدر تین تسبیح کے جلسہ کرے اور سب مقتدی چپکے سنا کرین اور آپسمین باتین نہ کرین اگرچہ آواز نہ آتی ہو کہ بات کرنا ایسے وقت مین منع ہے اور امام ابو حنیفہ کے نزدیک عیدین کی نماز مین چھ چھ تکبیرین مین اگر امام شافعی مذہب کا ہو اور چھ سے زیادہ کہے تو اوسکی تابعداری کرنی چاہیے اور عید الضحیٰ مین بھی ایسا ہی کرے لیکن اس عید مین صدقہ فطر نہین مگر بعد نماز کے مالدارون پہ قربانی واجب ہے اور ذی الحجہ کی نوین سے تیرھوین کی عصر کی نماز تک ہر فرض نماز کے بعد تکبیر یون واجب ہے تکبیر یہ ہے اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ

۱؎ اللہ بہت بڑا ہے اللہ بہت بڑا ہے کسی کی بندگی نہین سوائے اللہ کے اور اللہ بہت بڑا ہے اور اللہ بہت بڑا ہے اور اللہ کے لیے ہین سب خوبیان ۲؎ لطیفہ اگر نماز عید الضحیٰ کی ہو تو عید الفطر کی جگہ عید الضحیٰ کہے

Marfat.com

وَلِلّٰهِ الْحَمْد جب آدمی اپنے شہر سے تین راتدن کی مسافت کا سفر کرے تو چاہیے کہ چار رکعتی
نماز فرض کو قصر کرے یعنے دو رکعت پڑھے اور جب وہان پہنچے اور پندرہ روز کے اندر پھر وہانسے
نکلنے کا ارادہ ہے تو نماز قصر ہی پڑھتے جاوے اگر پندرہ روز سے زیادہ رہنے کا ارادہ ہے تو نماز کو
قصر نہ کرے چار رکعت ہی پڑھتے جاوے اگر مسافر بستی والے مصلّی کے پیچھے نماز پڑھین تو پوری
چار رکعتین پڑھین اگر مسافر بستی والون کی امامت کرے تو قصر ہی پڑھے اما نماز تمام ہوے
بعد سلام پھیر کے مقتدیون سے کہدیوے کہ مین مسافر ہون تا مقتدی اپنی دو رکعت باقی
نماز ادا کرلیوین - اے بھائیو پروردگار تمھارے پر رحم کرکے سفر مین چار رکعت والی نماز کو دو
رکعت پڑھنے کا حکم کیا اور روزے کو بھی مسافری مین نہ رکھنے کا امر فرمایا دیکھو کتنا بڑا احسان ہے
تم باوجود اتنی آسانی کے نماز بالکل چھوڑ دیتے ہو اور بھی اوسکا احسان دیکھو کہ اگر کھڑے رہنے
کی طاقت نہو تو بیٹھے ہوئے نماز پڑھنا اگر بیٹھنے کی طاقت نہو تو لیٹے ہوئے اشارہ سے نماز پڑھنے کا
حکم فرمایا ہے اور درندے یا دشمن کا خوف ہو تو چلتے چلتے سوار ہو یا پیادہ نماز ادا کرلینے کا امر کیا ہے لیکن
کسی وقت نماز چھوڑ دینے کا حکم نہین ہے - جب کوئی مسلمان مرجاوے تب مسلمان جمع ہوکر
اوسکو نہلا دھلا کے کفن پہنا کے مسجد کو لیجاوین اور جلد صلوٰۃ جنازہ ادا کرلین صلوٰۃ جنازے
کا طور یہ ہے کہ امام میّت کے سینے کے مقابل کھڑا رہے اور مقتدی تین صف بن جاوین اور
نیّت کرکے دونون ہاتھ کانون تک لیجاکے اللہ اکبر کہکے دونون ہاتھ باندھ لیوے اور کہے
سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ جو آگے لکھا گیا ہے پھر اللہ اکبر بولکے درود ابراہیمی جو نماز
مین پڑھتے ہین پڑھے - پھر اللہ اکبر کہکے اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا جو آگے لکھا ہے پڑھے - پھر
اللہ اکبر کہکے سیدھے اور بائین السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہے اگر میّت لڑکا ہو تو بعد درود کے
اللہ اکبر کہکے یہ دعا اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا فَرَطًا جو آگے لکھی ہے پڑھے - پھر میّت کو اوٹھالیکر
قبرستان مین لے جاوین اور اوسکو دفن کرنے مین مشغول ہووین جب میّت کو قبر مین رکھین
تو کہین بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ اور میت کا منھ قبلہ کی طرف کرین جب دفن
کرچکین قبر زمین سے ایک بلشت بلند او مسطح کرین اور بہت سا پانی ڈالین تا کہ مٹی جم جاوے
بعدہٗ تلقین جو مشہور ہے وہ تلقین پڑھنے والا قبر کے نزدیک بیٹھکر پڑھے اور حاضرین کھڑے ہوکر
سنین بعد اوسکے حاضرین میّت کے واسطے تثبیت طلب کرنا یعنے ثبّتک اللہ بالقول الثابت
کہنا اور اوسکے واسطے مغفرت کی دعا طلب کرنا افضل ہے اور قبر پر ریحان
وغیرہ کی گیلی شاخ لگانا یا بونا بھی افضل بلکہ مسنون ہے
بعدہٗ سبکا نیز آکے میّت کے قرابتیونکو تسلی دین او صبر کی تاکید کرین

احکام نماز

نام	فرض	واجب	سنت	نفل	ابتدائی وقت	انتہائی وقت	مستحب
فجر	۲	۰	۲	[illegible]	صبح صادق	طلوع آفتاب	[illegible]
ظہر	۴	۰	[illegible]	۲	[illegible]	[illegible]	[illegible]
عصر	۴	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
مغرب	۳	۰	۲	۲	[illegible]	[illegible]	[illegible]
عشا	۴	[illegible]	[illegible]	۲	[illegible]	[illegible]	[illegible]
جمعہ	۲	۰	[illegible]	۲	[illegible]		[illegible]
عیدین	۰	۲	۰	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]

نقشہ ضروریات وضو

فرض	سنت	مستحب	مکروہ	فاسد
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

نقشہ ضروریات نماز

فرض ۱۵	واجب ۱۱	سنت ۱۳	مکروہ ۱۱	فاسد
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

ف فرض کی صرف پہلے دو رکعتوں میں سورت ملائے باقی رکعتوں میں فقط الحمد پڑھے اور واجب و سنت و نفل کی سب رکعتوں میں سورت ملانا ضرور ہے ۱۲ ف یعنے پہلے کے ارکان پیچھے نہ کرے ۱۲ ف تعدیل یعنے سب ارکان اچھی طرح اطمینان سے ادا کرنا ۱۲ ف جو کام دونوں ہاتھ سے ہوتا ہے ۱۲

ارکان نماز	فرض	واجب	سنت
ستر عورت	[illegible]	•	[illegible]
طہارت	[illegible]	•	خوب طہارت کامل ہو
استقبال	یعنے قبلہ کی طرف سینہ کرنا	•	سجدہ کی جگہ پر نظر رکھنا
تکبیر تحریمہ	نیت باندھنے کے وقت اللہ اکبر کہنا	•	[illegible]
قیام	سیدھا بے آڑ لگائے کھڑا ہونا	•	[illegible]
قرأت	[illegible]	[illegible]	[illegible]
رکوع	جھک جانا	باطمینان رکوع کرنا	[illegible]
قومہ		اچھی طرح کھڑے ہونا	سیدھے کھڑے ہو کر سمع اللہ لمن حمدہ کہنا
سجدہ	ناک اور پیشانی زمین پر رکھنا	باطمینان سجدہ کرنا	[illegible]
جلسہ		اطمینان سے	دوزانو بیٹھنا اور بقدر ایک تسبیح کے توقف کر کے تکبیر کہتے ہوئے دوسرا سجدہ کرنا
قعدہ اولیٰ		[illegible]	[illegible]
قعدہ اخیرہ	جب سب رکعتیں تمام ہوں بقدر التحیات کے بیٹھنا	التحیات پڑھنا	دوزانو بیٹھکر بعد التحیات کے درود ابراہیم اور دعا پڑھنا
خروج بصنعہ	اپنے کام سے نماز تمام کرنا	السلام علیکم ورحمۃ اللہ [illegible]	دائیں بائیں طرف منھ پھیرنا

مسئلہ سجدہ سات عضو پر فرض ہے پیشانی اور ناک اور دونوں ہاتھ کے پنجے اور دونوں گھٹنے اور دونوں قدم کے کنارے یعنے پانوں کی انگلیاں یہ سب اعضا زمین پر رہیں بغیر عذر کے اگر ایک قدم بھی زمین سے اوٹھا رہے گا تو نماز صحیح نہ ہوگی ۔

Marfat.com

ایمان نامہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ایمان کلمہ طیب زبان سے پڑھنا دل سے اوسکی معنی سچ جاننا ایمان کے دو فرض ہی ہین کلمہ طیب لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اسکی معنی نہین کوئی خدا سوا اللہ کے محمد صلی اللہ علیہ وسلم پیغمبر اللہ کے ہین کلمہ مین فرض تین ہین عمر مین ایکبار پڑھنا صحیح پڑھنا کوئی پڑھو بولے تو جلدی پڑھنا ایمان کی صفتین سات ہین اللہ پر ایمان لانا فرشتون پر لانا کتابون پر لانا پیغمبرون پر لانا قیامت پر لانا تقدیر الٰہی پر لانا مرکر اٹھنے پر ایمان لانا ایمان کی شرطین سات ہین اختیار سے غیب پر ایمان لانا غیب کی خبر خدا ہی جانتا ہے کر کر ایمان لانا حلال کو حلال جاننا حرام کو حرام خدا کے قہر سے ڈرتے رہنا اوسکے رحم کے امیدوار رہنا ایمان سلامت رہنے کی شرطین چار ہین ایمان پانے سے خوش رہنا ایمان جانے سے ڈرتے رہنا ایمان جانیکی چیزون سے دور رہنا اور مسلمان پر مہربان رہنا ایمان کے احکام سات ہین جان سے مال سے ایذا بدگمانی سے بردہ بننے سے ہمیشہ دوزخی ہونے سے امن دنیا جنت کو لیجانا ایمان کے واجبات بارہ ہین بدعت سے پرہیز کرنا نیکون کی صحبت مین رہنا بدون سے دور رہنا اپنے لوگون کو دین کا علم سکھلانا سگون سے ملاپ رکھنا دو مسلمان لڑے ہون تو ملا دینا یتیمون کو پیار کرنا مسکینون پر رحم کرنا پیاسے کو پانی پلانا راستے سے کانٹے پتھرے پلیدی دور کرنا بیمار کو پوچھنا مردے کو نہلانا اسلام خدا اور رسول کی فرمانبرداری کو کہتے ہین اسلام کے فرائض پانچ ہین کلمہ شہادت نماز روزہ زکوٰۃ حج اسلام کے واجبات سات ہین وتر فطرہ قربانی عمرہ ماں باپ کی فرمانبرداری عورت کو مرد کی فرمانبرداری محرم کا نفقہ اسلام کی سنتین آٹھ ہین ختنہ سر کے ناک کے لب کے بغل کے ناف تلے کے بال لینا ناخن نکالنا ڈاڑھی رکھنی ایک سو تیس فرض بیت تین پنجے تین چوے دو ترک دو تیس سات ✢ تیراستر اجملا ایک سو تیس فرض اے نیکذات - تین پنجے پنج بنائے اسلام پنجگانہ نماز پانچ نیت تین چوے چار کرسی چار مذہب چار وضو کے فرض دو ترک تین فرض غسل کے تین تیمم کے دو تیس تیس روزے تیس نیت سات صفت ایمان کی تیرہ احکام وارکان نماز کی سترہ رکعت

صلوٰة التسبیح

حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ پڑھے جو شخص چار رکعت نماز تسبیح بخشے جاوین سب گناہ اوسکے صغیرہ یا کبیرہ ظاہر اور باطن دانستہ اور نادانستہ ترکیب یہہ ہے کہ چار رکعت بیک سلام پڑھے ہر رکعت مین پچھتر بار یہہ تسبیح پڑھے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ اس طرح پر کہ پندرہ بار بعد فاتحہ اور سورہ کے اور دس بار رکوع مین اور دس بار کھڑے ہونے مین رکوع سے اور دس بار سجدہ اوّل مین اور دس بار مابین دونون سجدون کے بیٹھکر اور دس بار سجدہ دوم مین اور دس بار پھر بیٹھکر اسی طرح چارون رکعت مین پڑھے چاہیئے کہ اس نماز کو ہر روز پڑھے اگر نہوسکے تو ہفتے مین ایک بار اگر ہفتہ بھی نہوسکے تو مہینے مین یا سال مین اگر سال مین نہوسکے تو تمام عمر مین ایکبار پڑھ لے **نماز کفارہ قضای عمری** منقول ہے کہ بعد از نماز جمعہ چار رکعت پڑھے ہر رکعت مین بعد سورہ فاتحہ کے آیة الکرسی ایکبار سورہ کوثر پندرہ بار اور بعد از سلام دس دس بار استغفار اور درود پڑھے کفارہ قضا شدہ نمازونکا ہوجائیگا

ضمیمہ کریمہ مشتمل بر حقوق والدین و استاد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قولہ تعالی وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰة والسّلام علی سید المرسلین وعلی آلہ واصحابہ اجمعین اما بعد جانو تم اے مسلمانو (توفیق دیوے تمکو اللہ تعالی) کہ خدمت ماںباپ کی واجبات اسلام سے ہے اور حق تعالی نے کلام مجید مین ماںباپ سے نیکی کرنیکی تاکید فرمائی ہے اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ماںباپ سے احسان کرنا نماز حج وعمرہ وجہاد سے افضل ہے اور بھی فرمایا ہے تین گروہ ہین میری امت سے کہ اونکو آگ دوزخ کی ہرگز نہ جلاویگی ایک وہ عورت جو فرمانبرداری کرے اپنے شوہر کی دوسرے وہ لڑکا جو راضی رکھے اپنے ماںباپکو تیسرے وہ مرد رحیم دل جو خلق خدا پر رحم کرے اور فرمایا

Marfat.com

میں جسنے راضی رکھا اپنے ماں باپ کو اوسنے اپنے لئے دنیا اور آخرت کی نیکی جمع کیا اور عبداللہ ابن عمر رضی اللہ تعالی عنہما سے روایت ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے رضامندی خدا تعالی کی ماں باپ کی رضامندی میں ہے اور ناخوشی اللہ تعالی کی ماں باپ کی ناخوشی میں ہے اور فرمائے میں کہ بہشت کی خوشبو پانچسو برس کے راستے سے سونگھینگے مگر نافرمان ماں باپ کا اور صلہ رحم کو قطع کرنیوالا ہرگز نہ سونگھیگا اور فرمائے ہیں ماں باپ سے نیکی کرنیوالا نہ داخل ہوگا دوزخ میں اور ماں باپ کو ناخوش رکھنے والا نجاویگا جنت میں اور بھی فرمائے ہیں کہ دو گناہ ایسے ہیں کہ کرنیوالا اس گناہ کا نہیں مرتا جب تک اوسکی شامت دنیا میں اوسکو نہ پہونچے ایک ظلم کرنا بندگان خدا پر دوسرے آزردہ کرنا ماں باپ کو باقی گناہ ممکن ہے کہ معاف ہو جاویں یا عذاب اوسکا آخرت میں ہو مگر یہہ دو گناہ کہ وبال اسکا دنیا میں بھی پہونچتا ہے اور حقتعالی نے موسی علیہ السلام پر وحی بھیجا کہ جو شخص میری اطاعت کرے اور ماں باپ کی اطاعت نہ کرے میں اوسکو نافرمان لکھونگا پس لازم ہے کہ ماں باپ کے آداب اور حقوق نگاہ رکھے اور اونکی فرمانبرداری میں جان و دل سے کوشش کرے اور ماں باپ کے حقوق بہت میں منجملہ اوسکے مختصر یہہ ہے کہ اونکے نزدیک نہایت ادب سے بیٹھے جسطرح نماز میں بیٹھتا ہے اور اونکے سامنے سر برہنہ نکرے اور اونکی طرف پانوں دراز نہ کرے اگر کسی مجلس یا مکان میں بیٹھا ہوا اور وہاں ماں یا باپ آجاویں تو اونکی تعظیم کیلئے اوٹھے اور راہ چلنے میں بے عذر اونکے آگے نہ چلے اور اونکے بیٹھنے کی جگہہ پر نہ بیٹھے اور جسوقت پکاریں اوسیوقت لبیک یعنے (حاضر ہوں) کہتا ہوا حاضر ہووے اور جو کچھ کہیں نہایت خوشی سے بجا لاوے ہاں اگر گناہ کے کام کہیں تو نہ کرے۔ سوال۔ ایک شخص نماز پڑھتا ہے اور اوسکے ماں یا باپ بلاویں جواب دیوے یا نہیں۔ جواب۔ اگر فرض نماز پڑھتا ہو تو جواب نہ دے اگر نفل نماز پڑھتا ہے تو نماز کو توڑے اور جواب دے اور اونکے ساتھ نہایت نرمی سے کلام کرے اور اونکا نام لیکر نہ پکارے اور جب خدمت کے محتاج ہوں تو جان و دل سے اونکی خدمت کرے اور اگر ماں باپ کبھی خفا ہو جاویں اور جھڑک دیں تو آپ اونسے خفا نہ ہو بلکہ ہمیشہ اونسے خوش رہے اور اونکو سخت بات نہ کہے اور اونکو گالی نہ دیوے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ملعون ہے وہ شخص جو اپنے ماں باپ کو گالی دیوے اور بغیر اذن ماں باپ کے کہیں سفر کو نجاوے اگرچہ سفر عبادت کا ہو جیسے حج اور جہاد وغیرہ اور بہر حال اونکے لئے دعائے خیر کرتا رہے جیسے خدا تعالی کلام پاک میں اپنے بندوں کو ماں باپ کے دعا کی تعلیم فرماتا ہے کہ (وَقُل رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِي صَغِيرًا) ترجمہ اور کہہ اے پروردگار رحم کر میرے ماں باپ پر جیسا کہ انھوں نے میری پرورش کیا اور رحم کیا مجھپر لڑکپن میں الحاصل ہمیشہ اونکی فرمانبرداری میں سرگرم رہے اور جان و مال سے اونکے رضامندی کی کوشش کرے۔ نقل ہے کہ ایک شخص آنحضرتؐ کی خدمت

86281

Marfat.com

مین آیا اور عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میری مان نہایت ضعیف ہوگئی ہے مین اپنے ہاتھ سے لقمہ اوسکے منھہ مین رکھتا ہون اور اوسکو بدست دیتا ہون اور اپنی گردن پر اٹھاکر طہارت کی جگہہ لیجاتا ہون اب بھی اوسکا حق ادا ہوا یا نہین آپنے فرمایا اوسکے سو حق سے ایک حق بھی نہین ادا ہوا لیکن اس خدمت کو اچھا جان اور خوشدلی سے بخوبی اوسکی خدمت کیا کر کہ تھوڑی خدمت بھی جو خوشی سے اوسکے حق مین کریگا اوسکا ثواب تجھکو بہت دینگے اور جسکے ماں باپ فوت ہوگئے ہون اوسکو چاہیئے کہ ہر جمعہ کو اونکی قبر پر زیارت کے لئے جاوے اور سورہ یٰسین اور سورہ اخلاص و معوذتین اور الحمد اور درود شریف وغیرہ پڑھکر اونکو ثواب بخشے آنحضرتؐ نے فرمایا ہے جو شخص ہر جمعہ کو ماں باپ کی زیارت کو جاتا ہے اوسکی گناہ مین بخشی جاتی ہین اور عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما رسول علیہ السلام سے روایت کرتے مین کہ جو کوئی ماں باپ کے قبر کی زیارت کو جاویگا فرشتے اوسکے قبر کی زیارت کو آوینگے اور ماں باپ کے لئے مغفرت چاہے اور صدقہ کرے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کچھہ نقصان نہوگا اوس شخص کا جو ماں باپ کے نام سے صدقہ دیوے تا اون دونون کو ثواب ہو اور اوسکا ثواب بھی کچھہ کم نہوگا ایک شخص آپکی خدمت مین آیا اور کہا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے ماں باپ مرگئے ہین اونکا حق مجھپر کیا ہے جو بجالاؤن آپنے فرمایا اونکے واسطے نماز پڑھو اور مغفرت چاہو اونکا اقرار اور وصیت بجالاؤ اونکے دوستون کی تکریم کرو اور اونکے خویشون سے احسان کرو

(حقوق استاد) اسیطرح استاد کے حق بھی بجالاوے کیونکہ شاگرد علم سے فائدہ نہین پاتا جبتک حرمت علم کی اور اہل علم کی اور تعظیم و توقیر استاد کی نگاہ نہ رکھے امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہین کہ مین غلام ہون اوسکا جسنے ایک حرف بھی علم دین کا مجھکو سکھلایا اور سزاوار ہے کہ شاگرد صاحب مقدور از روے مروت بدلے ایک حرف کے ہزار درم ہدیہ استاد کے پاس لیجاوے زاد الآخرت مین امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین کہ ادب شاگرد کا استاد کے ساتھہ یہہ ہے کہ سلام مین ابتدا کرے اور استاد کے سامنے بات بہت کم کرے اور کوئی کلام اور کلام بیجا نہ کرے اور کوئی مسئلہ نہ پوچھے جبتک کہ اذن نہ لیوے اور جب استاد جواب دیوین اونمین بیجا اعتراض اور کسی قسم سے چون و چرا نہ کرے اور نہ کہے کہ فلان شخص برخلاف اسکے کہتا ہے اور روبرو اونکے کسی سے بھید نہ کہے او نظر نیچی رکھے اگر استاد اوسکی طرف مخاطب ہوکر بات کہین تو از روے تعظیم اونکے چہرے پر نگاہ رکھے اور اونکے کلام غور سے سنے ادھر اودھر نہ دیکھے اور نہایت ادب سے بیٹھے اور جب استاد اپنی جگہہ سے اوٹھین تو قطع کلام کرکے خود بھی اونکی تعظیم کے لئے اوٹھے اور راہ مین اونسے کچھہ سوال نہ کرے اگر کوئی

Marfat.com

فعل اوستاد کا اپنی طبیعت کے برخلاف دیکھے تو اعتقاد بد نہ کرے اور خیال کرے
کہ وہ مجھ سے بہتر جانتے ہیں اسمین کوئی سبب ہوگا کیونکہ علم شاگرد کا اوستاد کے علم
کے برابر نہیں ہوتا اور جان ومال سے اوستاد کی خدمت کرے اور باوجود اوستاد کے
کسی مسئلہ کا جواب نہ دیوے اونکی حرمت کما حقہ نگاہ رکھے (وَمَا تَوْفِيقِي إِلَّا بِاللَّهِ)
خداوندا تمام لوگون کو ماں باپ اور اوستاد کے حقوق ادا کرنے کی توفیق کرامت فرما اور انھون
کی خوشنودی روزی کر آمین یا رب العالمین وصلی اللہ علی سیدنا محمد
وآلہ واصحابہ اجمعین الطیبین الطاہرین

خاتمۃ الطبع

الحمد للہ والمنہ۔ یہ مجموعہ فیض شمامہ یعنے ضرور المسلمین ومفید الصلوٰۃ وایمان نامہ مع ضمیمہ کریمہ
مشتمل بر حقوق والدین واوستاد۔ جمیع برادران مسلمین اور اونکے یتیم وغریب بچون کی
تعلیم اور ضروری احکام دین واسلام کے جاننے اور عمل کرنے کے لئے
امید وار اجر عظیم قاضی عبد الکریم ابن المرحوم قاضی نور محمد
صاحب تاجر کتب ومالک مطبع کریمی وفتح الکریم نے اپنے
مطبع کریمی واقع بمبئی میں چھاپ کر وقف کیا خدا تعالےٰ
سے امید یہہ ہے کہ اہل اسلام کو اسکے پڑھنے
پڑھانے سے فائدہ حاصل ہو اور توفیق
راہ ثواب کی پاوین اور واقف مجموعہ
ہذا اور مؤلفین وکارپردازان مطبع
کو دعائے خیر سے یاد فرماوین
واللہ الموفق
والمعین

[illegible] ۱۳۲۲

يٰاَيُّهَا النَّبِىُّ اِنَّا اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا وَّدَاعِيًا

اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا

تخمیس بردہ معہ ترجمہ و مخمس فارسی و اردو و پنجابی مسمی بہ

نظم الورع

۱۳۱۰ھ

مصنفہ ابو الرجاء فقیر محمد عزیز الدین متوطن بہاولپور عفی اللہ عنہ

در مطبع حسنی واقع بمبئی طبع گردیدہ شد

Marfat.com

هو العزیز الفتاح الرقیب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا ساہر اللیل من حزن و من الم — یا فاقد العیش من ضر و من سقم

